آسامیاں خالی ہیں

ڈائریکٹوریٹ آف آرکائیوز و لائبریریز، صوبہ خیبر پختونخوا اور اس کے ذیلی ضلعی دفاتر میں درج ذیل خالی آسامیاں پر کرنے کے لئے صوبہ خیبر پختونخوا اور ضم شدہ قبائلی اضلاع سے تعلق رکھنے والے اہل امیدواروں سے آن لائن درخواستیں مطلوب ہیں۔

نمبر شمار	نام آسامی بمع بی پی ایس	آسامیوں کی تعداد	تعلیمی قابلیت / تجربہ	عمر	کوٹہ / زونل تقسیم	ڈیوٹی کی جگہ
-1	کمپیوٹر آپریٹر (BPS-16)	01	i) کسی تسلیم شدہ یونیورسٹی سے کمپیوٹر سائنس، انفارمیشن ٹیکنالوجی (بی سی ایس / بی آئی ٹی چار سال) میں سیکنڈ کلاس بیچلر ڈگری۔ یا ii) کسی تسلیم شدہ یونیورسٹی سے سیکنڈ کلاس بیچلر ڈگری بمع کسی تسلیم شدہ ٹیکنیکل ایجوکیشن بورڈ سے انفارمیشن ٹیکنالوجی میں ایک سال کا ڈپلومہ۔	20-32 سال	کوٹہ برائے معذور افراد	(چترال)
-2	کیمرہ مین (BPS-13)	01	i) کسی تسلیم شدہ بورڈ سے کم از کم سیکنڈ ڈویژن سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ۔ ii) Outdoor سینماٹوگرافی میں تین سالہ تجربہ بمع دستاویزی اور ٹی وی ریلز / فلمز کی تکنیکی انجام دہی کا علم۔	20-35 سال	زون-2 (ایک آسامی)	(پشاور)
-3	جونیئر کلرک (BPS-11)	04	i) کسی تسلیم شدہ بورڈ سے کم از کم سیکنڈ ڈویژن میٹرک سرٹیفکیٹ یا مساوی تعلیم۔ ii) انگریزی میں 30 الفاظ فی منٹ ٹائپنگ رفتار بمع ایم ایس ورڈ اور ایکسل میں مہارت۔	20-32 سال	اقلیتی کوٹہ (ایک آسامی) زون-1 (ایک آسامی) زون-3 (ایک آسامی) زون-4 (ایک آسامی)	(بونیر) (بونیر) (چترال) (چترال)
-4	لائبریرین-II (BPS-09)	26	i) کسی تسلیم شدہ بورڈ سے انٹرمیڈیٹ سرٹیفکیٹ یا مساوی تعلیم۔ ii) کسی معروف لائبریری میں کام کرنے کا دو سالہ تجربے کا سرٹیفکیٹ۔ نوٹ: لائبریری اینڈ انفارمیشن سائنس میں ماسٹر ڈگری رکھنے والے امیدواروں کے لئے دو سالہ تجربے کی شرط میں رعایت ہوگی۔	20-32 سال	اقلیتی کوٹہ (ایک آسامی) خواتین کوٹہ (دو آسامیاں) معذور افراد (ایک آسامی) زون-1 (چھ آسامیاں) زون-2 (چار آسامیاں) زون-3 (پانچ آسامیاں) زون-4 (چار آسامیاں) زون-5 (تین آسامیاں)	(ڈی آئی خان) (ہری پور، بونیر) (مانسہرہ) (لکی مروت، چارسدہ، مانسہرہ، دیر لوئر، ہری پور، مردان) (چارسدہ، پشاور، نوشہرہ) (سوات، بونیر، دیر لوئر، مردان، کوہاٹ) (لکی مروت، سوات، ڈی آئی خان، صوابی) (ہری پور، ایبٹ آباد)
-5	کاتب (BPS-07)	01	کسی تسلیم شدہ بورڈ سے کم از کم سیکنڈ ڈویژن سیکنڈری سکول سرٹیفکیٹ یا مساوی تعلیم بمع بطور کیلی گرافر دو سالہ تجربہ۔	20-32 سال	زون-3 (ایک آسامی)	(پشاور)
-6	بائنڈر (BPS-07)	01	کسی تسلیم شدہ بورڈ سے کم از کم سیکنڈ ڈویژن میٹرک سرٹیفکیٹ بمع ایک معروف ادارے میں بائنڈنگ کے شعبے میں تین سال کام کرنے کا تجربہ۔	20-32 سال	زون-1 (ایک آسامی)	(وزیرستان)
-7	الیکٹریشن (BPS-07)	05	i) کسی تسلیم شدہ بورڈ سے کم از کم سیکنڈ ڈویژن میٹرک سرٹیفکیٹ۔ ii) کسی تسلیم شدہ ادارے سے الیکٹریکل کورس میں سرٹیفکیٹ۔	20-32 سال	اقلیتی کوٹہ (ایک آسامی) معذور افراد کوٹہ (ایک آسامی) زون-1 (ایک آسامی) زون-3 (ایک آسامی) زون-5 (ایک آسامی)	(پشاور) (کوہاٹ) (پشاور) (چارسدہ) (لکی مروت)

شرائط برائے بھرتی:- (1) تمام امیدواروں کو ایٹا سکریننگ ٹیسٹ دینے کی اجازت ہوگی۔ اہم مجاز اتھارٹی کی طرف سے جانچ پڑتال کے دوران اگر کوئی امیدوار کسی بھی وجہ سے نااہل پایا گیا تو متعلقہ امیدوار کو کسی بھی موقع پر بھرتی کے لئے نااہل کیا جائے گا۔ (2) انٹرویو کے لئے صرف Short listed امیدواروں کو بلایا جائے گا۔ (3) امیدواروں کی شارٹ لسٹنگ ایٹا کی سکریننگ ٹیسٹ کی بنیاد پر ہوگی۔ (4) تمام تقرریاں حکومت خیبر پختونخوا کے مروجہ قوانین کے مطابق ریگولر بنیادوں پر کی جائیں گی۔ (5) کمپیوٹر آپریٹر، جونیئر کلرک، لائبریرین ٹو اور الیکٹریشن کی آسامیوں میں خواتین، معذور افراد اور اقلیتوں کے لئے درج شدہ تفصیل کے مطابق کوٹہ مختص ہے۔ (6) صرف سرکاری ادارے کی طرف سے جاری کردہ تجربہ سرٹیفکیٹ جس کو متعلقہ ادارے کے سربراہ نے Counter Sign کیا ہو، قابل قبول ہوگا۔ معذور افراد کے لئے معذوری سرٹیفکیٹ کے ساتھ سٹینڈنگ میڈیکل بورڈ کی سفارشات پیش کرنا لازمی ہوگی۔ اقلیتی کوٹہ کے تحت درخواست گزار امیدواروں کے لئے حلفیہ بیان جمع کروانا لازمی ہوگا جس میں اقرار کیا گیا ہو کہ امیدوار کا تعلق اقلیت سے ہے۔ (7) امیدواروں کے لئے ایٹا سکریننگ ٹیسٹ میں سے 50 فیصد نمبرز حاصل کرنا ضروری ہوں گے۔ (8) میرٹ کی بنیاد پر ہر ایک آسامی کے لئے 05 امیدواروں کو انٹرویو کے لئے بلایا جائے گا۔ انٹرویو کی اطلاع بذریعہ SMS اور کال لیٹر دی جائے گی۔ لہٰذا تمام امیدوار بھرتی مکمل ہونے تک اپنی موبائل سم بند یا تبدیل نہ کریں بصورت دیگر تمام ذمہ داری ان پر عائد ہوگی۔ (9) امیدواروں کی مجموعی اہلیت درخواستیں وصول ہونے کی آخری تاریخ تک متعین ہوگی۔ (10) نامکمل اور مقررہ تاریخ کے بعد وصول ہونے والی درخواستیں قابل غور نہیں ہوں گی۔ (11) عمر کی بالائی حد میں رعایت موجودہ قوانین کے مطابق دی جائے گی۔ (12) سرکاری اور نیم سرکاری اداروں کے ملازمین اپنے اداروں کے توسط سے درخواستیں دیں۔ (13) ایک سے زائد آسامیوں کے لئے درخواست دینے کی صورت میں امیدوار کو ہر ایک آسامی کے لئے علیحدہ علیحدہ فیس جمع کرنی ہوگی۔ (14) مجاز اتھارٹی کسی بھی درخواست بغیر بلا وجہ مسترد کرنے اور مشتہر کردہ آسامیوں کی تعداد میں ردوبدل / کمی بیشی / منسوخی کا حق محفوظ رکھتی ہے۔ (15) ٹیسٹ / انٹرویو کے لئے آنے والے امیدواروں کو کوئی TA/DA نہیں دیا جائے گا۔ (16) غیر ملکی تعلیمی ڈگری کی صورت میں امیدوار کے لئے ہائیر ایجوکیشن سے جاری کردہ مساوی تعلیم کا سرٹیفکیٹ پیش کرنا لازمی ہوگا۔ (17) غلطی / کمی قابل تصحیح ہے۔

درخواست دینے کا طریقہ کار:- (1) خواہشمند امیدواران ایٹا کی ویب سائٹ www.etea.edu.pk پر متعلقہ آسامی کے لئے آن لائن درخواست دے سکتے ہیں۔ (2) آن لائن درخواست جمع ہونے کے بعد UBL کی آن لائن ڈیپازٹ سلپ (جس پر ٹوکن نمبر، آسامی کوڈ اور امیدوار کی ذاتی معلومات درج ہوں گی) generate ہوگی۔ (3) امیدوار مذکورہ سلپ کا printout حاصل کرکے درج شدہ ٹیسٹ فیس رقم (ناقابل واپسی) UBL کی کسی بھی شاخ یا UBL اومنی ایجنٹ کے ذریعے جمع کرائیں۔ (4) فیس جمع کرنے کے بعد امیدوار رسید کی اصل کاپی (جس پر بینک کی مہر لگی ہو) اپنی ذاتی تحویل میں رکھیں اور کسی کو نہ دکھائیں۔ (5) آن لائن درخواست دینے کے بعد امیدوار اپنی دستاویزات ایٹا بھیجنے کی زحمت نہ کریں بلکہ تمام دستاویزات اپنے پاس رکھیں جو بعد میں سکریننگ ٹیسٹ میں کامیاب شدہ امیدواروں سے ایٹا اور مجاز اتھارٹی کسی بھی وقت بغرض جانچ پڑتال طلب کرسکتی ہیں۔ (6) آسامیوں کے لئے آن لائن درخواست فارم ایٹا کی ویب سائٹ www.etea.edu.pk پر مورخہ 11 اگست 2021 سے دستیاب ہوں گے۔ (7) آن لائن درخواست جمع کرنے کی آخری تاریخ مورخہ 10 ستمبر 2021 ہے۔ (8) امیدواروں کو رول نمبر سلپ download کرنے کی اطلاع بذریعہ SMS دی جائے گی لہٰذا تمام امیدواران بھرتی مکمل ہونے تک اپنی سم / موبائل فون نمبر تبدیل یا بند نہ کریں۔ (9) ایٹا سکریننگ ٹیسٹ کے بارے میں تمام معلومات رول نمبر سلپ پر درج ہوں گی۔ (10) سکریننگ ٹیسٹ کے لئے علیحدہ سے کوئی کال لیٹر بذریعہ خط و کتابت / کوریئر نہیں بھیجا جائے گا۔

نوٹ:- (1) آن لائن درخواست دیتے وقت اپنی پاسپورٹ سائز تصویر اور دستاویزات کی سکین شدہ سافٹ کاپی اپنے ساتھ رکھیں۔ (2) تمام امیدوار آن لائن درخواست پر کرنے سے پہلے تمام ہدایات غور سے پڑھیں۔ (3) ایٹا کسی بھی وقت امیدواروں کی جمع شدہ فیس کی تصدیق کرسکتا ہے، تصدیق نہ ہونے کی صورت میں متعلقہ امیدوار کی درخواست رد کی جائے گی۔ (4) کسی دوسرے امیدوار کے شناختی کارڈ نمبر پر جمع شدہ فیس قابل قبول نہیں ہوگی۔ (5) نا اندراج شدہ تعلیمی قابلیت قابل قبول نہیں ہوگی۔ (6) امیدوار بینک رسید ذاتی حفاظت میں رکھیں۔ (7) امیدوار کی طرف سے آن لائن درخواست فارم میں غلط معلومات کی فراہمی پر نہ صرف متعلقہ امیدوار کی درخواست رد ہوگی بلکہ اس کے خلاف تادیبی کاروائی بھی عمل میں لائی جائے گی۔

INF(P)4057/21

ڈائریکٹر آف آرکائیوز لائبریریز، خیبر پختونخوا، پشاور

Daily Mashriq